KARACHI PORT TRUST

GATEWAY TO PAKISTAN

ENVIRONMENT TODAY SHOULD BE CLEANER THAN YESTERDAY

MARINE POLLUTION CONTROL DEPARTMENT

''قوائط وضوابط''

برائے سلج

میعاد معاہدہ ..... تا .....

سلج لائسنس حاصل کرنے کے لیئے

اطلاع برائے درخواست گزار

فارم کے حصول کے لیئے :۔

۱۔ درخواست جمع کرنے کی فیس-/Rs: 500 ناقابل واپسی ہے(سلج) میعاد 15 دن بزریعہ ایم پی سی ڈی چالان کے پی ٹی اکاؤنٹ۔

۲۔ فارم کی جانچ پڑتال کی فیس سلج-/Rs: 3,000 بذریعہ ایم پی سی ڈی چالان (ناقابل واپسی) کے پی ٹی اکاؤنٹ۔

۳۔ سالانہ رجسٹریشن فیس سلج Rs: 20,000 بذریعہ ایم پی سی ڈی چالان (ناقابل واپسی) کے پی ٹی اکاؤنٹ۔ رینیول سلج لائسنس فیس-/Rs:23,500 (ناقابل واپسی))۔فارم-/Rs: 500 جانچ پڑتال-/Rs: 3,000 سالانہ Rs: -/20,000 کے پی ٹی اکاؤنٹ اسکے علاوہ 15% SST.

۴۔ پرمیشن فیس سلج عام کارگو برتھ کے پی ٹی/PICT /KICT/SAPT Rs: 5,000/- (per Act) آئل پیئر رمورنگ Rs:10,000 (Per Act) علاوہ /5 ڈالر پرٹن وزن کے حساب سے بزریعہ ایم پی سی ڈی چالان (ناقابل واپسی) کے پی ٹی اکاؤنٹ، کام کرنے یا نہ کرنے دونوں صورتوں میں ادا کرنی ہوگی اسکے علاوہ 15% SST.

Programmer (Retd.) IT Equipment Disposal) and Roster Management
Nazish Hamid
16 October 2026 03:13:17 PM

CamScanner

۵۔ سیکیورٹی ڈیپازٹ سلج -/Rs: 75,000 بزریعہ بینک پے آرڈر بنام چیف اکاؤنٹ آفیسر کے پی ٹی اکاؤنٹ (قابل واپسی) میعاد قابل واپسی لائسنس معاہدہ کے اختتام کے بعد اگر ٹھیکیدار تجدید لائسنس کے لیئے درخواست نہیں دیتا ہے، تو اس صورت میں اسے 6 ماہ کے اندر اندر اپنی سیکیورٹی ڈیپازٹ رقم کو واپس لینا ہوگا۔ بصورت دیگر تجدید لائسنس کی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی اور سیکیورٹی ڈیپازٹ کی رقم بحق سرکار ضبط کی جاسکتی ہے نیز اگر کوئی واجبات باقی ہے تو اس ڈیپازٹ سے منہا کر دیے جائیگے۔

۶۔ مورنگ / آؤٹر انکریج (Outer Anchorage/Mooring) پر کام کرنے کے لیئے کام کی اجازت ملنے یا نہ ملنے کا فیصلہ SOP کے تحت کام مورنگ / آؤٹر انکریج کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے دی جائے گی۔ اور ٹھیکیدار کے لیئے ضروری ہے کہ کام لینے سے پہلے ایم پی سی ڈی آفس سے رابطہ کر کے SOP حاصل کرے، اجازت ملنے کی صورت میں درج ذیل رقم کے پی ٹی کے اکاؤنٹ میں جمع کروانی ہوگی۔

بارج پرمیشن فیس Rs:10,000/= کے پی ٹی اکاؤنٹ نا قابل واپسی

ایم پی سی ڈی فیس Rs: 10,000/= کے پی ٹی اکاؤنٹ نا قابل واپسی

1:- جہاز سے سلج اتارنے کی اجازت کے لیئے درج ذیل کاغذات جمع کروانے ہونگے۔

(a) ایجنٹ کا لیٹر، جس پر سلج کی مقدار، جہاز کا نام، برتھ نمبر اور جہاز کے آنے کا وقت اور تاریخ درج ہو۔

(b) جہاز کے کپتان کا ANF جس میں سلج اتارنے کی کپتان نے درخواست کی ہو۔ اس میں سلج کی IMO قانون کے تحت کیٹگریز کے حوالے سے مکمل تفصیل درج ہو اور متعلقہ ایجنٹ کا نامزدگی کا لیٹر بنام فرم ہونا ضروری ہے۔

(c) ٹھیکیدار اپنے لیٹر ہیڈ پر پرمیشن کی درخواست مکمل کوائف کے ساتھ جمع کرائے گا۔

(d) پرمیشن ملنے اور کام کرنے کے بعد جہاز کے آئل ریکاڈ بک کی کاپی اور WDR بمعہ جہاز کے چیف انجینیر اور ٹھیکیدار کے دستخط اور مہر لگی ہو اور جس میں جو سلج اتارا گیا ہے اس کی مکمل تفصیل IMO قانون کے تحت آپریشن کرنے کے بعد ایم پی سی ڈی آفس میں جمع کرانی ہوگی، نیز آپریشن سے پہلے دوران آپریشن یا آپریشن کے بعد ایم پی سی ڈی ٹیم جہاز کو چیک کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

(e) مندرجہ بالا کاغذات a, b اور c مکمل نہ ہونے کی صورت میں اجازت نہیں ملے گی۔

(f) ٹھیکیدار پورٹ پر بالخصوص آئل پیئر پر EHS کے اصولوں کو مدنظر رکھ کر کام کرے گا۔ عملدرآمد نا ہونے کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جائیگا۔

Programme (Rect. & IT Equipment Disposal) and Roster Management
Nazish Kanwal
16 October 2024 03:13:17 PM

CamScanner

2:- پرمیشن کے اوقات کار:۔

(a) پیر سے جمعرات: صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے/دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے۔

(b) جمعہ: صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے

(c) ہفتہ: پیر سے جمعرات کے اوقات کار

صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے/دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے۔

نوٹ:۔ اتوار اور چھٹی کے دنوں میں کام کرنے کے لیئے پیشگی تحریری اجازت لینا ضروری ہوگی، انتہائی ایمرجنسی کی صورت میں اجازت دی جاسکتی ہے۔

3:۔ جہاز آپریشن کے دوران مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ہوگا۔

(a) پرمیشن کے بعد جہاز پر مالک/ٹھیکیدار کا صرف وہی اسٹاف کام کرے گا، جن کے نام اور شناختی کارڈ نمبرز اس نے پولیس ویری فیکیشن فارم میں خود لکھ کر ایم پی سی ڈی کو دیئے ہوئے ہیں۔ اگر کوئی دوسرا شخص جس کا کمپنی سے تعلق نہ ہو، دوران آپریشن پایا گیا تو اس کی تمام ذمہ داری کمپنی کے مالک/ٹھیکیدار پر ہوگی۔

(b) دوران آپریشن تمام سیفٹی اصولوں کو مدنظر رکھ کر کام کرنا ہوگا۔ فائر سروس کی موجودگی، معیاری پائپ اور اس کے جوائنٹس، لکڑی کا برادا، آئل ٹرے، ماسک، گلوز، بوائلر سوٹ، سیفٹی شوز اور دستانے وغیرہ موجودہ ہونا چاہئیں۔ اور دوران آپریشن اسٹاف بوائلر سوٹ پہنے ہو، ورنہ جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

(c) سمندر اور برتھ پر آلودگی سے بچاؤ کے تمام اقدامات کرنے ہونگے۔

(d) جہاز پر انڈین اسٹاف کی موجودگی پر D.N.I. (D.S.O.) کا اجازت نامہ ضروری ہوگا اور DSO کے قانون کی خلاف ورزی نہیں کریگا۔

(e) پرمیشن ملنے کے بعد ٹھیکیدار کو دوسرے متعلقہ اتھارٹی سے بھی اجازت لینا ہوگی۔

4:۔ آئل برتھ OP I-II-III پر کام کرتے وقت جہاز سے سلج یا سلاپ براہ راست روڈ ٹینکر میں ڈالنا ہوگا۔

یا

(a) جہاز سے آئل برتھ کے ٹینک میں ڈالنا ہوگا۔ **(یہ اجازت پر منحصر ہے)**۔

(b) جہاز کے جانے کے بعد ٹھیکیدار نے اگر اسے ٹینک میں ڈالا ہے، ٹینک سے اپنے ٹینکر میں بھرے گا۔ بحوالہ کے پی ٹی بی آر نمبر:365 بتاریخ 10-08-1985 کے تحت اور وہاں سے روڈ ٹینکر سے اٹھائی گئی مقدار کے وزن کے کانٹے کی

Programmer (Rect. & IT Equipment Disposal) and Roster Management
Nazish Kanwal
16 October 2026 03:13:11 PM

CamScanner

رسید پر ایم پی سی ڈی کا T. U. C. جو کہ پانچ ڈالر پرٹن کے حساب سے بھرے گا بی آر کے تحت اور CME کے الیکٹرک چارجز بھی بھرے گا۔ T. U. C. دونوں صورتوں میں ادا کرے گا۔

(c) کسی بھی قسم کے آفس اسٹاف یا ٹرک تبدیلی کی اطلاع فوراً ایم پی سی ڈی کو کرنا ہوگی اور اگر کام کرنے کے اوقات میں تبدیلی ہوگئی ہے، تو اس کی اطلاع بھی ایم پی سی ڈی کو دینا ہوگی۔

5:۔ کام کی اجازت صرف دن کے اوقات میں ہوگی۔ رات میں کام کی اجازت جہاز کے ٹائم پر منحصر ہوگی۔ اور رات میں کام کرنے کے لیئے جہاز سے تحریری لیٹر لینا ہوگا۔ آئل پیئر پر رات میں کام کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ **(فی الحال آئل پیر پر کام کرنے کی اجازت بند ہے)۔**

6:۔ سلوپ، آئلی واٹر اور بلجس واٹر (Bilges Water) قطعی اسکارٹ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ (کسٹم ڈیوٹی لازمی ادا کرنی ہوگی)۔

7:۔ اسکارٹ کرنے کی اجازت صرف اس صورت میں ہوگی کہ جہاز کا کپتان یا چیف انجینئر ایک سرٹیفکیٹ جاری کرے گا کہ اتارے گئے سلج میں آئل کے جزیات contents نہیں ہیں اور جو سلج ڈسچارج کیا گیا ہے، وہ Less Then 15 PPM ہے۔ غلط سرٹیفکیٹ کے اجرا پر جہاز اور ٹھیکیدار دونوں پر Rs: 50,000 روپے تک کا جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔ مزید اگر ٹھیکیدار نے بغیر کپتان سرٹیفکیٹ کے اسکارٹ کرایا تو ٹھیکیدار پر بھی Rs: 50,000 روپے جرمانہ لگایا جائے گا اور اس کا لائسنس ختم کر دیا جائے گا۔ اس کی اطلاع ایم پی سی ڈی آفس نمبر:: MPCD / MISC / 11 / 111, Dated:07-04-2011 کے تحت دی جا چکی ہے۔

8:۔ کام مکمل کرنے کے بعد آپ کے ٹینکر پر لازم ہے کہ پورٹ پر ٹینکر کی موجودگی میں اس پر ڈرائیور یا کلینر ٹینکر کے باہر نکلنے تک موجود ہو۔ کسی بھی قسم کے حادثہ کی صورت میں ایم پی سی ڈی آفس آرڈر نمبر: MPCD /Sludge/ 11/110 مورخہ 06-02-2011 کے تحت ایکشن لیا جائے گا۔

9:۔ اگر کسی وجہ سے جہاز کے کپتان یا ایجنٹ نے کام منسوخ کر دیا ہے، تو کینسل کا تحریری لیٹر جہاز کے کپتان یا ایجنٹ سے لانا ہوگا۔ جس میں کام نہ کرنے کی مثبت وجہ بیان کی گئی ہو، زبانی اطلاع پر مشن کینسل نہیں کی جائے گی، پرمیشن فیس آپریشن کینسل ہونے کی صورت میں بھی ادا کرنی ہوگی جو ناقابل واپسی ہے۔

Programmer (Rect. & IT Equipment Disposal) Nazish Kanwal
16 October 2026 03:13:17 PM
Head Roster Management

CamScanner

10۔ دوران آپریشن آپ کے کام کو اچانک چیک بھی کیا جا سکتا ہے اور اگر درج بالا احتیاط کو مدنظر نہیں رکھا گیا تو آپ کا کام رکوایا جا سکتا ہے یا جرمانہ بھی عائد کیا جا سکتا ہے۔

11:۔ دوران آپریشن اگر خدانہ کرے کہ کوئی حادثہ ہو جاتا ہے تو ٹھیکیدار کو فوری طور پر ان لوگوں کو اطلاع دینی ہوگی۔

(a)	ایم پی سی ڈی	99210425	Ext: 2561
(b)	کے پی او سی	99214555	Ext: 2693
		99263046	
(c)	سیفٹی ڈپارٹمنٹ	99263050	Ext: 2850
(d)	فائر سروس	33263034-35	Ext: 100
		99263344-55	
(e)	سی ایم سی	99263167-69	Ext: 2804
		99210404	

12:.KGTL, KGMTL,KICT اور SAPT برتھ پر اگر ٹھیکیدار کام کر رہا ہے تو اسے وہاں کا وارفیج بھرنا ہوگا۔

13:۔ KICT ، KGTL, KGMTL اور SAPT میں کام کے دوران کے پی ٹی فائر سروس کی موجودگی کو یقینی بنائے گا، جیسا کہ ایم پی سی ڈی کے آفس آرڈر کے تحت آپ کو اس کی اطلاع دی جا چکی ہے۔ فائر سروس چارجز فائر سروس کے اصولوں کے مطابق بھرے گا، جس پر متعلقہ جہاز کا نام ہونا ضروری ہے۔

14:۔ چونکہ سال 2010-11 کے اصول وقواعد نمبر:12 صفحہ نمبر:3 کو دسمبر 2010 سے ختم کر دیا گیا ہے، لہذا جو بھی ٹھیکیدار پہلے کسی جہاز کی پرمیشن کے سلسلے میں رابطہ کرے گا تو اسے پرمیشن دے دی جائے گی۔ بعد میں کوئی بھی دوسرا ٹھیکیدار اسی جہاز کے لیئے پرمیشن کی درخواست جمع نہیں کرا سکے گا۔ اسے اجازت نہیں دی جائے گی، لیکن اگر کسی وجہ سے ایجنٹ کسی دوسرے ٹھیکیدار کو جہاز کے کام کے لیئے تحریری طور پر نامزد کرتا ہے تو اُس پہلے ٹھیکیدار کو متعلقہ ایجنٹ سے بنا نم اپنے کیسل کا لیٹر لانا ہوگا اور پرمیشن فیس اُس پہلے ٹھیکیدار کو ادا کرنی ہوگی۔

Programmer (Rect. & IT Equipment Disposal) and Roster Management
Yaazish Kanwal
16 October 2020 03:13:17 PM
CamScanner

15:۔ کوئی بھی ٹھیکیدار اپنے لائسنس پر پرمیشن لینے کے بعد اپنے کام کو کسی دوسرے کے ہاتھ سے نہیں کروائے گا۔ یعنی لائیسنس کو Sublet نہیں کرے گا۔ خود اپنے اسٹاف کیساتھ کام کرے گا۔ لائسنس کو بیچے گا نہیں۔ بصورت دیگر اس پر اس کا جرمانہ عائد کیا جائے گا اور لائسنس بھی ختم کیا جا سکتا ہے۔

جس کی اطلاع ایم پی سی ڈی آرڈر نمبر: 2010 / 5 لیٹر نمبر MPCD/MIS/10/332 تاریخ:11-08-2010 دی جا چکی ہے۔

16:۔ کام مکمل کرنے کے بعد درج ذیل کاغذات ٹھیکدار کو پانچ دن کے اندر اندر ایم پی سی ڈی میں جمع کروانے ہونگے۔
ایک سیٹ صاف کاپی، اسی کے اصل کاغذات (Original Documents) کے ہمراہ اصل کاغذات چیک کر کے واپس کر دیئے جائیں گے۔ لیٹ جمع کرنے کی صورت میں جرمانہ بھی لگایا جا سکتا ہے۔

(a) جہاز کو ٹھیکیدار کا دیا گیا سرٹیفکیٹ WDR جس میں تاریخ، مقدار وزن میں، ٹینکر نمبر، کام کے اوقات، برتھ نمبر درج ہوں۔ سرٹیفکیٹ پر جہاز کے کپتان یا چیف انجینئر کے دستخط، جہاز کے اسٹیمپ کے ساتھ اور متعلقہ ٹھیکیدار کے دستخط اور اس کی فرم کی اسٹیمپ لگی ہونی چاہیئے۔

(b) کے پی ٹی فائر سروس کا ادا کردہ چالان جس پر متعلقہ جہاز کا نام موجود ہو۔

(c) کانٹے کی وزن کی ہوئی رسید اور رسید کے مطابق ٹریفک کا KICT/KGTL/KGMTL/SAPT/KPT کا ادا کیا گیا وارفیج چالان بل، جس پر جہاز کا نام ہونا چاہیئے۔

Programmer (Rect. & IT Equipment Disposal) and Roster Management
Nazish Kanwal
16 October 2020 03:13:17 PM

CamScanner

17:۔ ''انتباہ''

مندرجہ بالا کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔اگر کسی بھی قسم کی جعلسازی کاغذات میں پکڑی گئی، تو آپ کا لائسنس ختم کر دیا جائے گا۔

تمام سلج ٹھیکیداروں کو مزید اس بات سے آگاہ کیا جاتا ہے کہ میعاد معاہدہ لائسنس اجراء کے بعد انہیں لائسنس کی تجدید (Renewal) کے لیئے اپنے لائسنس کی مقررہ مدت ختم ہونے سے کم سے کم 20 دن پہلے درخواست دینی ہوگی اور تجدید لائسنس اس SOP's کے تحت تجدید کیا جائیگا کہ جسے ازخود ٹھیکیدار نے معاہدے کے تحت تسلیم کیا ہے اور دستخط کیے ہیں۔

اپنی کارکردگی کی رپورٹ (Performance Report) اور اصل لائسنس کے ساتھ جو کہ ختم ہو چکا ہے۔

مقررہ مدت کے بعد تجدید لائسنس کی درخواست جمع کرنے کی صورت میں پانچ فیصد (5%) تک سرچارج لگایا جاسکتا ہے

18۔ اس میعاد معاہدہ کے ساتھ ٹھیکیدار کو جرمانے کے حوالے سے اہم (Major) اور معمولی (Minor) جرمانے کی تفصیلات سے بھی آگاہی دی جارہی ہے۔جس پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔

19 ۔ اگر کوئی ٹھیکیدار سلج یا گاربیج کے لائینس کو مقررہ معیاد کے اندر تجدید نہیں کرواتا اور کچھ سال گزرنے کے بعد وہ دوبارہ سے لائینس کی تجدید کے لیے رجوع کرتا ہے تو اس صورت میں ٹھیکیدار کو گزشتہ سالوں کے سالانہ تجدید لائینس فیس بھی ادا کرنا پڑے گی۔

منیجر

ایم پی سی ڈی

کے پی ٹی

میں اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ کہ میں نے درج بالا معاہدے کے اصولوں اور قواعد وضوابط بغور پڑھا اور میں ان پر عمل درآمد کا پابند رہوں گا۔کسی بھی غیر قانونی کام میں ملوث نہیں ہونگا۔اگر پایا گیا، ایم پی سی ڈی کو اختیار ہے کہ وہ میرا لائسنس ختم کر دیں۔

مہر/دستخط

اونر آف دافرم

Programmer (Rect. & R. Equipment Disposal) and Roster Management
Nazish Kanwal
16 October 2026 08:13:7 PM

CamScanner

صفحہ نمبر:(8)

"آج کا ماحول کل کے ماحول سے زیادہ صاف ستھرا ہوگا"

"تجدید برائے لائسنس سلج اور گاربیج

لائسنس کے اصول و ضوابط کے تحت ٹھیکدار کو اپنے سلج اور گاربیج لائسنس کی شق نمبر 08 اور شق نمبر 06 کو سامنے رکھتے ہوئے تجدید لائسنس کی درخواست جمع کریگا اور اگر وہ شق نمبر 08 اور شق نمبر 06 پر پورا نہیں اترتا تو اسے اپنے تجدید لائسنس کی درخواست مندرجہ زیل اصولوں پر کار بند ہو کر جمع کرنی ہو گی۔

نمبر شمار	جہازوں کی تعداد	طریقہ کار تجدید لائسنس
۱	06	لائسنس کی تجدید وقت پر
۲	05	لائسنس کی تجدید ختم ہونے کی تاریخ سے 02 ماہ کے وقفہ کے بعد یا تجدید لائسنس ادائیگی Rs.50000/= روپے KPT Account میں جمع کرواکر حاصل کیا جا سکتا ہے (یہ رقم ناقابل واپسی ہے)
۳	04	لائسنس کی تجدید ختم ہونے کی تاریخ سے 04 ماہ کے وقفہ کے بعد یا تجدید لائسنس ادائیگی Rs.100000/= روپے KPT Account میں جمع کرواکر حاصل کیا جا سکتا ہے (یہ رقم ناقابل واپسی ہے)
۴	03	لائسنس کی تجدید ختم ہونے کی تاریخ سے 06 ماہ کے وقفہ کے بعد یا تجدید لائسنس ادائیگی Rs.200000/= روپے KPT Account میں جمع کرواکر حاصل کیا جا سکتا ہے(یہ رقم ناقابل واپسی ہے)
۵	02	لائسنس کی تجدید ختم ہونے کی تاریخ سے 08 ماہ کے وقفہ کے بعد یا تجدید لائسنس ادائیگی Rs.300000/= روپے KPT Account میں جمع کرواکر حاصل کیا جا سکتا ہے (یہ رقم ناقابل واپسی ہے)
۶	01	لائسنس کی تجدید ختم ہونے کی تاریخ سے 10 ماہ کے وقفہ کے بعد یا تجدید لائسنس ادائیگی Rs.400000/= روپے KPT Account میں جمع کرواکر حاصل کیا جا سکتا ہے (یہ رقم ناقابل واپسی ہے)
۷	00	لائسنس کی تجدید ختم ہونے کی تاریخ سے 12 ماہ یعنی ایک سال کے وقفہ کے بعد تجدید لائسنس ادائیگی Rs.500000/= روپے KPT Account میں جمع کرواکر حاصل کیا جا سکتا ہے

مہر / دستخط اونر آف فرم

مینجر

ایم پی سی ڈی، کے پی ٹی

Programmer (Rect. & IT Equipment Disposal) and Roster Management
Nazish Kanwal
16 October 2020 05:12:17 PM

CamScanner

KARACHI PORT TRUST
MARINE POLLUTION CONTROL DEPTT

Following penalties may be imposed on any misdoing as limited below but not limited to:

	MAJOR PUNISHMENTS	PENALTIES
a	Tampering in quantity of Sludge (before/after) getting permission.	Before getting permission 02 months ban or upto entire present term to remove sludge or garbage etc After getting permission 02 months ban or upto entire present term to remove sludge or garbage and penalty from Rs.50,000/- upto 300,000/- as deems fit.
b	Removal of used hydraulic oil, fuel, oil, lubes oil etc without written permission	03 months ban or upto entire present term to remove Sludge etc and penalty from Rs.100,000/= up to Rs.300,000/= as deems fit
c	Working after sunset without written permission.	02 months ban or upto entire present term to remove Sludge etc and penalty from Rs.50,000/= up to 100,000/= as deems fit.
d	None of payment in due time, such as KPT Wharfage, Fire Tender Charges, Custom duties and other dues.	Recovery of difference amount and 02 months ban or upto entire present term to remove Sludge and Garbage
e	Removal of Sludge etc without written permission	Cancellation of license or penalty of Rs.300,000/= or both
f	Submission of fake documents such as Agent's Letter, Vessel's E-mail and others.	02 months ban or upto entire present term to remove Sludge and Garbage
g	Removal of garbage against the sludge permission and vice versa.	Cancellation of garbage and sludge licenses or penalty of Rs.300,000/=
h	Improper disposal of garbage, such as baba bhit, mangroves forest etc and removal of sewage without meeting NEQs effluent standards.	Cancellation of license or penalty of Rs.500,000/=
i	Threatening, offering for bribe or other insulting temperaments to MPCD or KPT Staff and Officers etc	Cancellation of license or penalty of Rs.500,000/=
j	Upon deceive action(s) on account of escorted contents, i.e if a contractor inform MPCD verbally or in writing and conclusively succeed to get permission or without.	03 months ban or upt entire present term to remove sludge etc and penalty from Rs.100,000/= up to Rs.300,000/=

Programmer Pak. Port Equipment Director 2023.10.10 Nafisha Hall Road Karachi Management

CamScanner

	MAJOR PUNISHMENTS	PENALTIES
k	Allow night work for limited time and the contractor work beyond the limit without permission/information.	01 month ban Rs.25,000/= penalty
l	Difference in road tankers numbers mention at Custom GD, Weigh bridge receipt not to match with the reception certificate issued by the Contractor to the Vessels.	Ban for 15 days
m	Difference in the certificate issued to the vessels and MPC Department	1 month or 15 days ban till to determine
n	Presence of unauthorized persons during operational work.	1 month ban and penalty of Rs.30,000/=
o	KPT/KICT/SAPT/KGTL/KGMTL weighbridge receipts not submitted along with other documents.	15 days ban
p	Proprietor not submitted permission with his own signature	15 days or 1 month ban till to determine
q	Garbage of office address company letter head or staff members may not be intimated to MPCD timely.	15 days or 1 month ban till to determine
r	Any change of office address, company letter head or staff members may not be intimated to MPCD timely.	15 days or 1 month ban till to determine

Nazish Kanwal
Programmer (Rent & IT Equipment Disposal) and Roster Management
16 October 2026 03:13:17 PM

Proprietor
M/s. ----------
Sludge/Garbage Contractor
(I, hereby agreed)

Manager (MPCD)

CamScanner